سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 1

سوال ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت جس سال ہوئی اسے کس نام سے جانا جاتا ہے؟

جواب عام الفیل کے نام سے۔

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابراہیمؑ کے کس لڑکے کی نسل سے ہیں؟

جواب حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل سے۔

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قریش کے کس خاندان سے تعلق تھا؟

جواب بنو ہاشم سے۔

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب مشہور قول کے مطابق ۹/ربیع الاول پیر کے دن بہ مطابق ۲۰/اپریل ۵۷۱ء کو شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 2

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا محمد اور احمد نام کس نے رکھا، نیز آپ کا محمد نام پیدائش کے کتنے دنوں بعد رکھا گیا؟

جواب آپ کا نام احمد آپ کی والدہ ماجدہ نے خواب میں ایک فرشتہ کی بشارت سن کر رکھا، جبکہ محمد آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے ساتویں روز رکھا۔

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کتنی عورتوں نے دودھ پلایا؟

جواب تین عورتوں نے؛ سب سے پہلے والدہ ماجدہ نے آپ کو اپنا دودھ پلایا، پھر ثُوَیبہ نے اور اخیر میں دائی حلیمہ سعدیہؓ نے۔

سوال بی بی ثُوَیبہ نے آپ کو کتنے دنوں تک دودھ پلایا؟

جواب تین یا چار مہینے تک۔

سوال ایامِ طفولیت میں آپ نے حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے یہاں کتنے سال گذارے؟

جواب ٦/ برس۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 3

سوال والد کی جانب سے آپ کا سلسلۂ نسب کیا ہے؟

جواب ابوالقاسم محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قُصَی بن کِلاب بن مُرَّہ بن کعب بن لُوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مُضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

سوال والدہ کی جانب سے آپ کا سلسلۂ نسب کیا ہے؟

جواب ابوالقاسم محمد بن آمنہ بنت وہب بن عبدمناف بن زہرہ بن کلاب، کلاب پر پہونچ کر آپ کا مادری اور پدری سلسلۂ نسب ایک ہو جاتا ہے۔

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دادی اور نانی کا کیا نام تھا؟

جواب دادی کا نام فاطمہ اور نانی کا نام برّہ تھا۔

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد ماجد اور والدہ ماجدہ کا کب انتقال ہوا؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمِ مادر ہی میں تھے کہ آپؐ کے والد کا انتقال ہو گیا اور جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر شریف چھ برس اور کچھ ماہ کی ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ بھی انتقال فرما گئیں۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلۂ سیرت النبی ﷺ 4

سوال والدہ ماجدہ کی وفات کے بعد کس نے آپ ﷺ کی پرورش کی؟

جواب آپ ﷺ کے جد امجد حضرت عبد المطلب نے۔

سوال آپ ﷺ دادا کی کفالت میں کتنے سال رہے اور جب ان کا انتقال ہوا تو آپ ﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

جواب آپ ﷺ دادا کی کفالت میں دو سال اور کچھ ماہ رہے اور ان کی وفات کے وقت آپ ﷺ کی عمر شریف آٹھ سال دو مہینہ دس دن کی تھی۔

سوال دادا محترم کی وفات کے بعد کس نے آپ ﷺ کی پرورش کی؟

جواب آپ ﷺ کے محبوب چچا حضرت ابو طالب بن عبد المطلب نے۔

سوال آپ ﷺ نے شام کا سفر کتنی مرتبہ فرمایا اور کس غرض سے؟

جواب دو مرتبہ، تجارت کی غرض سے۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت ﷺ)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 5

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ملکِ شام کا پہلا سفر کب اور کس کے ساتھ کیا، نیز اس سفر میں کیا واقعہ پیش آیا؟

جواب جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بارہ سال دو مہینے کی چھوٹی سی عمر کے تھے اور حضرت ابوطالب تجارت کی غرض سے ملک شام جارہے تھے، تو اس وقت پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے چمٹ گئے اور ساتھ جانے پر اصرار کیا، تو انہیں اپنے اس محبوب یتیم بھتیجے کی وہ حالت نہ دیکھی گئی اور پھر انہیں اپنے ساتھ شام کے اس سفر میں لے جانے کے لیے مجبور ہو گئے؛ چنانچہ قافلہ جب مقامِ "تیما" پر پہنچا، تو چچا ابوطالب کی ملاقات بحیرہ راہب سے ہوئی۔ اس نے تمام قافلہ والوں کی دعوت کی، جس میں اس کو آپ کے تعلق سے نبی آخرالزماں ہونے کی ساری علامتیں ملتی جلتی نظر آئیں اور اس کو اپنی مذہبی تعلیمات کی روشنی میں یہ یقین ہو گیا کہ آپ ہی آخری نبی ہیں، تو اس نے سالارِ قافلہ حضرت ابوطالب کو بلایا اور اس طفلِ مہ جبیں کے بارے میں دریافت کیا کہ یہ کون ہیں، تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ میرے بھتیجے محمد بن عبداللہ ہیں، تو اس نے کہا کہ اگر آپ کو ان سے محبت ہے تو ان کو شام ہرگز مت لے جائیے، ورنہ یہود ان کو پہچان لیں گے اور قتل کے درپے ہو جائیں گے، اس لیے کہ ان کے سلسلے میں میں وہ باتیں دیکھ رہا ہوں جو آپ نہیں سمجھ سکتے، چنانچہ حضرت ابوطالب آپ کو وہیں سے لے کر مکہ واپس آ گئے۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شام کا دوسرا سفر کب اور کیوں فرمایا، نیز اس سفر میں آپؐ کے ساتھ کون تھے اور کیا واقعہ پیش آیا؟

جواب جب آپ کی عمرِ مبارک ۲۳ یا ۲۴ سال کی ہوئی تو آپؐ نے خدیجہ بنت خویلد کا مال لے کر ان کے غلام میسرہ کے ساتھ شام کا دوسرا سفر فرمایا۔ اس سفر میں نسطورا راہب سے آپ کی ملاقات ہوئی اور اس نے بھی بحیرہ کی طرح پیشین گوئی کی، نیز اس سفر میں کئی معجزوں کا ظہور بھی ہوا جس کو میسرہ نے حضرت خدیجہ کے گوش گزار کیا، جس کے باوصف ان کی نظر میں آپ کی قدر اور بڑھ گئی اور انھوں نے دیگر سرداران قریش کے پیغامِ نکاح کو رد کر کے آپ کے ساتھ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہونے کو باعث فخر سمجھا۔

سوال خانۂ کعبہ کی تعمیرِ نو کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب ۳۵ رسال۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 7

سوال کس دن، کون سا مہینہ اور کتنی سال کی عمر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبوت سے سرفراز کیے گئے؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بروز پیر ۸ / ربیع الاول ۴۰ / سال کی عمر میں نبوت سے سرفراز کیے گئے۔

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پہلی مرتبہ وحی کا نزول کہاں ہوا؟

جواب غار حرا میں۔

سوال غارِ حرا مکہ سے کتنی دوری پر واقع ہے؟

جواب غارِ حرا مکہ مکرمہ سے تقریباً ساڑھے چار کلومیٹر دور ہے۔

سوال قرآن کریم کا نزول کب سے شروع ہوا؟

جواب ۱۸ رمضان المبارک، بروز جمعہ، ۱۷ / اگست ۶۱۰ ء سے۔

سوال سب سے پہلے کن آیتوں کا نزول ہوا؟

جواب سورۂ علق کی ابتدائی پانچ آیتوں کا۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 8

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سب سے پہلے کون سی مکمل سورت نازل ہوئی؟

جواب سورۂ فاتحہ۔

سوال کس بزرگ نے آپ کو نبی آخرالزماں ہونے کی بشارت دی؟

جواب ورقہ بن نوفل نے۔

سوال پہلی وحی اور دوسری وحی کے مابین کتنے مہینے کا وقفہ رہا؟

جواب پہلی اور دوسری وحی کے مابین تقریباً ٦/ ماہ کا وقفہ رہا۔

سوال اِس وقفہ کے بعد کون سی سورت نازل ہوئی؟

جواب سورۃ المدثر۔

سوال اس سورت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا حکم دیا گیا؟

جواب عمومی دعوت وتبلیغ کا۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی ﷺ 9

سوال اعلان حق آپ ﷺ نے سب سے پہلے کس پہاڑی سے فرمایا؟

جواب کوہِ صفا سے۔

سوال آپ ﷺ کی دعوت پر سب سے پہلے کس نے لبیک کہا؟

جواب حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے۔

سوال مردوں اور بچوں میں سب سے پہلے کس نے ایمان قبول کیا؟

جواب مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور بچوں میں سب سے پہلے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایمان قبول کیا۔

سوال غلاموں میں سب سے پہلے کس نے ایمان قبول کیا؟

جواب حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت ﷺ)

سوال اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعوت کا آغاز کس طرح کیا؟

جواب جب اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر پر تاجِ نبوت سجا دیا اور آپؐ کو حکم دیا کہ لوگوں کو اللہ کی طرف بلائیں، تو آپؐ لوگوں سے ان کے گھر، راستے، تنہائی اور اجتماع میں ملتے اور ان کے سامنے خدا کی عظمت، کبریائی اور اس کی شان وشوکت کا تذکرہ کر کے انہیں خدائے وحدہٗ لاشریک لہٗ کی عبادت کی دعوت دیتے اور بطور برہان ان آیتوں کو پیش کرتے جو آپؐ پر نازل کی جاتیں۔ ان کا ایک ایک لفظ ایسا ہوتا کہ کفار جب بھی ان کو سنتے، کفر ونفرت کے باوجود، وہ ان کو جھنجھوڑ کر رکھ دیتا۔ اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبلیغ کرتے رہے اور لوگوں کو اللہ کی طرف بلاتے رہے۔ اس کے بعد جو مسلمان ہوجاتے ان کو احکامِ شریعت اور قرآن کی تعلیم دیتے۔

سوال اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابتداء اسلام میں کس صحابی کے گھر کو اسلام کا پہلا مدرسہ منتخب کیا تھا؟

جواب حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے گھر کو۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرتُ النبی ﷺ 11

سوال پیارے نبی ﷺ کو تبلیغ کی وجہ سے کفار کیا کیا کہا کرتے تھے؟

جواب شاعر، کاہن، پاگل اور جادوگر کہا کرتے تھے۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

سوال آپ ﷺ نے مختصر ترین مدت میں کون سا لمبا سفر کیا ہے؟

جواب معراج کا سفر مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ، پھر وہاں سے ساتوں آسمان اور سدرۃ المنتہیٰ تک کا سفر۔

سوال کس مقدس سفر میں پیارے نبی ﷺ کو اللہ تبارک وتعالیٰ سے ہم کلام ہوئے؟

جواب سفرِ معراج میں۔

سوال کس سفر میں اور کہاں آپ ﷺ نے تمام انبیا علیہم السلام کی امامت انجام دی؟

جواب سفرِ معراج کے درمیان مسجد اقصیٰ میں۔

سوال قرآن کریم کے کس سورہ میں معراج کا واقعہ مذکور ہے؟

جواب سورہ بنی اسرائیل میں۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت ﷺ)

سوال معراج کا واقعہ کتنے سال کی عمر میں پیش آیا؟

جواب اکاون (۵۱) سال نو مہینے کی عمر میں۔

سوال وہ کون سی سواری ہے جس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج کا سفر کرایا گیا؟

جواب براق۔

سوال براق کیا ہے؟

جواب ایک بہشتی چوپایہ ہے جو صرف انبیائے کرام علیہم السلام کی سواری کے لیے خاص ہے۔

سوال اس مبارک سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کون تھے؟

جواب حضرت جبرئیل امین۔

سوال اس سفر میں کس مقام کے آگے جانے سے جبرئیل امین نے انکار کر دیا تھا؟

جواب سدرۃ المنتہیٰ کے آگے جانے سے۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سوال جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سدرۃ المنتہیٰ تک لے جائے گئے تو وہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کیا ظاہر کیا گیا؟

جواب بیت المعمور۔

سوال اس سفر میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا تحفہ دیا؟

جواب نماز۔

سوال معراج کا واقعہ کتنی مرتبہ پیش آیا؟

جواب ۲ مرتبہ جن میں ایک بڑی معراج ہے جو جسمانی ہوئی اور دوسری معراج منامی (خواب کی حالت میں) ہوئی۔ (فتح الملہم: ج ۲ ص ۲۴۳، حاشیۂ بخاری، جلد: ۱، ص: ۵۰)

سوال اس سفر کا مقصد کیا تھا؟

جواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی بڑی نشانیوں کا مشاہدہ کرانا۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلۂ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 14

سوال نبوت ملنے کے کتنے سال بعد تک آپؐ کا قیام مکہ مکرمہ میں رہا؟

جواب ۱۳؍سال تک۔

سوال ہجرت سے پہلے مدینہ منورہ کا کیا نام تھا؟

جواب یثرب۔

سوال مکہ سے مدینۃ الرسول کی دوری کتنی ہے؟

جواب چارسو کلومیٹر۔

سوال بوقتِ ہجرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمرِ مبارک کتنی تھی؟

جواب ۵۳ سال۔

سوال کس دن، کون سا مہینہ اور کس سنہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ مکرمہ کو خیر آباد کہا؟

جواب بروز پیر ابتداءِ ربیع الاول یا اواخرِ صفر سنہ ۱۳ نبوی میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہوئے۔ (ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 15

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس دن، کس مہینہ اور کس سنہ میں مدینہ منورہ پہنچے؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بروز جمعہ، ۲۷/ربیع الاول ۱۴ سنہ نبوی میں مدینہ منورہ پہنچے۔

سوال ہجرت کے اس مبارک سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کون کون تھے؟

جواب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ عامر بن فہیرہ اور ایک راہبر (عبداللہ بن اریقط)۔

سوال مدینہ منورہ پہنچنے سے قبل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چند روز کہاں قیام فرمایا؟

جواب قبا میں۔

سوال مدینہ منورہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی جہاں پر بیٹھ گئی وہ کس کی زمین تھی، نیز اس زمین کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کام میں استعمال کیا؟

جواب بنی نجار کے دو یتیم بچے سہل اور سہیل رضی اللہ عنہما کی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو خرید کر مسجدِ نبوی کی تعمیر کروائی۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 16

سوال شبِ ہجرت کفار نے آپ کے گھر کا کیوں محاصرہ کرلیا تھا؟

جواب تاکہ نعوذ باللہ وہ آپ کو قتل کردیں۔

سوال محاصرہ کرنے والوں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیسے بچ کر نکل آئے؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مشت خاک ان کی طرف پھینکی جس کے بعد ان کی آنکھوں نے دیکھنا بند کردیا اور آپ باہر تشریف لے آئے۔

سوال ہجرت کی رات پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کو اپنے بستر پر لٹایا تھا اور کیوں؟

جواب حضرت علی بن طالب رضی اللہ عنہ کو، تاکہ وہ مکہ والوں کی امانتیں واپس لوٹادیں۔

سوال گھر سے نکل کر آپ کہاں تشریف لے گئے؟

جواب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سوال ''مکہ تو دنیا میں مجھے سب سے زیادہ عزیز ہے، مگر تیرے باشندے مجھے یہاں رہنے نہیں دیتے''، یہ جملہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس موقع پر فرمایا تھا؟

جواب ہجرت کے موقع پر۔

سوال بوقت ہجرت کفار کے شر سے بچنے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس غار میں پناہ گزیں ہوئے تھے؟

جواب غارِ ثور میں۔

سوال آپ غارِ ثور میں کتنے دن تک مقیم رہے؟

جواب تین دن تک۔

سوال وہ کون تھے جنہوں نے وہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کھانے پینے کا بندوبست کیا، نیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کفار کے ارادوں سے بھی باخبر کرتے رہے؟

جواب حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہما۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی ﷺ 18

سوال مکہ والوں نے آپ ﷺ کی گرفتاری پر کیا انعام رکھا تھا؟

جواب ایک سو سرخ اونٹ۔

سوال دورانِ سفرِ ہجرت آپ ﷺ نے کس خاتون سے ان کی بکری کا دودھ دوہنے کی درخواست کی اور کیوں؟

جواب حضرت ام معبدؓ سے سفر کی تکان اور بھوک مٹانے کے لیے۔

سوال دورانِ قیام وہاں کیا معجزہ پیش آیا؟

جواب حضرت ام معبدؓ کی بکریوں کے تھن خشک ہو چکے تھے، مگر نبی ﷺ کی برکت سے وہ دودھ سے لبریز ہو گئے، جس کو خود ام معبد، آپ ﷺ کے رفقا اور آپ ﷺ نے نوش فرمایا۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت ﷺ)

سوال پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے دنوں میں مکہ سے مدینہ کا سفر طے کیا؟

جواب ۹/ دنوں میں۔

سوال مدینہ منورہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کے گھر قیام فرمایا؟

جواب حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر۔

سوال آپ نے ان کے گھر کتنے مہینے قیام فرمایا؟

جواب سات مہینے تک۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی ﷺ 20

سوال کتنے سال کی عمر میں آپ ﷺ کی وفات ہوئی؟

جواب ۶۳ ر سال کی عمر میں۔

سوال آپ ﷺ کی علالت کا آغاز کب ہوا؟

جواب ۲۹ ر صفر المظفر بروز دوشنبہ۔

سوال آپ ﷺ کی وفات کس زوجہ مطہرہ کے گھر میں ہوئی اور آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب آپ ﷺ کی وفات حضرت عائشہ کے حجرۂ مبارکہ میں ہوئی اور آپ ﷺ وہیں مدفون ہیں۔

سوال بوقتِ وفات آپ ﷺ کا سرِ مبارک کس زوجہ محترمہ کی گود میں تھا؟

جواب حضرت عائشہؓ کی گود میں۔

سوال آپ ﷺ کی وفات کس دن کون سی تاریخ کس سنہ میں اور کہاں ہوئی؟

جواب آپ ﷺ کی وفات بوقت چاشت بروز پیر ۱۲ ر ربیع الاول ۱۱ھ مدینہ منورہ میں ہوئی۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت ﷺ)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 21

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسدِ اطہر کو کن لوگوں نے غسل دیا؟

جواب حضرت عباس، حضرت علی، حضرت فضل بن عباس، حضرت قثم بن عباس، حضرت اسامہ بن زید اور حضرت شقران رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسد اطہر کو غسل دیا۔

سوال پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری غسل دینے کے لیے پانی کس کنویں سے لایا گیا تھا؟

جواب غرس نامی کنویں سے۔

سوال آپ کی نماز جنازہ کیسے ادا کی گئی؟

جواب انفراداً (تنہا تنہا)۔

سوال کن لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قبر اطہر میں اتارا؟

جواب حضرت عباس، حضرت علی، حضرت قثم اور حضرت شقران رضوان اللہ عنہم اجمعین نے اور بعض روایات میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا بھی ذکر آتا ہے۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 22

سوال پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کتنے کپڑوں میں دفن کیا گیا اور وہ کس قسم کا کپڑا تھا؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سحول کے تین کپڑوں میں دفن کیا گیا۔

سوال آپ کی تدفین کس شب میں عمل میں آئی؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تدفین بدھ کی شب میں عمل میں آئی، بعض روایتوں میں منگل کی شب کا بھی ذکر ہے۔

سوال وہ کون سا آخری کلمہ ہے جو بوقت وفات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ورد زبان تھا۔

جواب اَللّٰھُمَّ بِالرَّفِیقِ الاَعلٰی اور بعض روایات میں الصلوۃ الصلوۃ و ما ملکت أیمانکم (نماز اور اپنے ماتحتوں کا خیال رکھو) کا بھی ذکر ہے۔ واللہ اعلم

سوال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت میں ادا کی جانے والی آخری نماز کون سی ہے؟

جواب ظہر کی۔

(ماخوذ مع ترمیم از: گوشہ ہائے سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)